© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ

ماہوار رسالہ

# مرقع قادیانی

جلد ۳ نمبر ۷

امرتسر ۔ بابت اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء

**مرقع قادیانی** شروع ہی سے اتنی قوت کے ساتھ جاری نہ ہوا تھا کہ اپنا خرچ آپ اٹھا سکے بلکہ اصل بات یہ ہے کہ مرقع کی خریداری پر بھروسہ کیا جاتا ۔ تو ایک پرچہ بھی شائع نہ ہو سکتا اس لئے جو کچھ کیا گیا اس امید پر کیا گیا کہ شائقین اپنے اپنے حلقہ احباب میں اس کی اشاعت کر کے بہت جلد اس کو قوت پہنچائیں گے۔

ہمارے محترم عنایت فرما ڈاکٹر عبد الحکیم صاحب متعین کلانور ضلع رہتک کی تجویز ہے کہ ہر خریدار کم از کم دس خریدار پیدا کرے ۔ موصوف کی یہ تجویز صرف تجویز ہی نہیں بلکہ انہوں نے پہلے خود عمل کر کے دکھا دیا ۔ جزاہم اللہ خیرا۔

پس احباب کرام اگر مرقع قادیانی کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں تو ڈاکٹر صاحب موصوف کی تجویز پر عمل کرنے کی توجہ فرمائیں ۔

کئے جاؤ کوشش مرے دوستو

## قادیانی تفسیرات کا نمونہ

گر تو قرآں بدیں نمط خوانی
ببری رونقِ مسلمانی

قرآن سمجھانے والوں کی تشکیک جائز ہے اس لئے سمجھانے والے کا حق ہے کہ اس

© rasailojaraid.com